کے بارے میں تفصیلی انٹرویو لئے۔آپ کا تعلق اٹلی کے ایک بڑے تحقیقاتی ادارے سے تھا۔

کورین سفارتکاروں اور دیگر اہم شعبوں کے ذمہ داروں کی حضرت مولانا مدظلہ صاحب سے ملاقاتیں :

۲۹ر جولائی ۲۰۰۷ کو جنوبی کوریا کے مسلم کمیونٹی کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کی۔جس کی قیادت پاکستان میں متعین جنوبی کوریا کے سفیر کر رہے تھے۔وفد نے حضرت مولانا مدظلہ سے افغانستان میں قید جنوبی کوریا کے باشندوں کی رہائی کے سلسلے میں مدد کی درخواست کی۔جس پر حضرت مولانا مدظلہ نے وفد سے کہا کہ جنوبی کوریا کو فوری افغانستان میں اپنی فوجیں واپس بلانی چاہئیں اس کے بعد حضرت مولانا مدظلہ نے مختلف ذرائع سے ان کی رہائی کے لئے کوششیں کیں اور الحمدللہ اس کے نتیجے میں کئی کورین باشندے اب تک رہا ہو چکے ہیں۔جنوبی کوریا سے کورین علماء کا ایک وفد بھی حضرت مولانا مدظلہ سے ملنے دارالعلوم آیا اس وفد میں سیول کے مرکزی جامع مسجد کے امام اور نائب امام بھی شامل تھے۔اسی سلسلے میں دوبارہ کوریا کے کئی اہم افراد شکریہ کے لئے دارالعلوم تشریف لائے جن میں سرفہرست پاکستان میں کوریا کی بڑی این جی او ''پاکستان زندہ باد'' کے ہیڈ مسٹر کم اور انکے دیگر ساتھی شامل ہیں۔بعد میں تمام کورین اغواشدہ افراد بخیر وعافیت رہا کر دیئے گئے تو ایک بار پھر یکم ستمبر ۲۰۰۷ء کو جنوبی کوریا کے سفیر جناب کم جوسوق Kim Jooseok اور فرسٹ سیکرٹری کم یونگ چن Kim Kyung Chan اور دیگر اہم افراد نے مولانا مدظلہ کی رہائش گاہ پر تشریف لا کر ان کی کوششوں پر اپنی حکومت اور کوریائی عوام کی طرف سے شکریہ ادا کیا۔

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا دورہ پنجاب: ۵ر اگست ۲۰۰۷ء کو حضرت مولانا مدظلہ نے پنجاب کے مختلف اہم شہروں کا دورہ کیا۔اس سلسلے میں رحیم یار خان ائیر پورٹ پر بڑی تعداد میں عوام اور جماعتی ساتھیوں نے بے نظیر استقبال کیا۔رات کو مدرسہ عبداللہ بن مسعود میں جلسہ سالانہ دستار بندی سے تفصیلی خطاب فرمایا۔مجمع کی تعداد مختلف اندازوں کے مطابق تقریباً ایک لاکھ افراد کے لگ بھگ تھی۔دوسرے دن جامعہ مدینہ بہاولپور کی تقریب دستار بندی وختم بخاری شریف میں آپ نے شرکت کی۔جس میں دارالعلوم دیوبند سے شیخ الحدیث فرزند حضرت شیخ الاسلام حضرت مولانا مدنیؒ مولانا ارشد مدنی مدظلہ نے اختتامی درس دیا۔اور حضرت مولانا مدظلہ نے حاضرین سے خطاب فرمایا۔اسی دن حضرت مولانا مدظلہ شام کو ملتان پہنچے اور پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔دوسرے دن ۷ر اگست کو ملتان میں وفاق المدارس کے مجلس شوریٰ کے اہم اجلاس میں شرکت کی۔

حضرت علامہ مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی'' کی وفات: گزشتہ دنوں حضرت علامہ مولانا شفیق الرحمٰن درخواستی قدس سرہ مغرب کی نماز کی تیاری کرتے ہوئے حرکت قلب بند ہونے سے واصل بحق ہو گئے۔مرحوم حضرت شیخ الاسلام مولانا عبداللہ درخواستی'' کے علمی اور روحانی جانشین اور علوم قرآن وحدیث اور تفسیر کے حوالہ سے ایک بہترین شارح اور